سوال

(156)انٹرنیٹ کے ذریعے منگیتر کو تصویر بھیجنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا لڑکی کے لیے انٹرنیٹ کے ذریعے اپنی تصویر منگیتر کو بھیجنا جائز ہے تاکہ وہ شادی کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرسکے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میرے خیال میں ایسا کرنا جائز نہیں اور اس کی وجوہات یہ ہیں :

1۔اس لیے کہ اسے دیکھنے میں دوسرے بھی شریک ہوسکتے ہیں۔

2۔اس لیے کہ تصویر مکمل طور پر حقیقت بیان نہیں کرتی، کتنی ہی ایسی تصویریں ہیں جنھیں دیکھا گیا اور پھر جب لڑکی کا مشاہدہ کیا گیا تو وہ تصویر سے بالکل ہی مختلف تھی۔

3۔ہوسکتا ہے یہ تصویر منگیتر کے پاس ہی رہے اور وہ منگنی توڑنے کے بعد اس تصویر کے ذریعے لڑکی کو بلیک میل کرے اور جس طرح چاہے لڑکی کو نچاتا پھرے۔ (واللہ اعلم)

(شیخ ابن عثیمین رحمة اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص225

محدث فتویٰ